© rasailojaraid.com



جامعہ سلفیہ اور مولانا فاروق الرحمن یزدانی ﷾ مدرس جامعہ سلفیہ نے خصوصی طور پر نماز جنازہ میں شرکت کی اور مرحوم کے لواحقین خصوصاً مولانا رضا اللہ خالد اور مولانا ذکاء اللہ خالد سے جامعہ کے اساتذہ وطلبہ کی طرف سے اظہار تعزیت کیا اور مرحوم کی بخشش کیلئے دعا کی۔

## 2۔ حافظ محمد سرور عاصم مدیر مکتبہ اسلامیہ کی والدہ محترمہ وفات پاگئیں

جماعت کے معروف عالم دین پبلشر و ڈسٹری بیوٹر حافظ محمد سرور عاصم مدیر مکتبہ اسلامیہ کی والدہ محترمہ بتاریخ 6 نومبر بروز جمعرات مختصر علالت کے بعد وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ نہایت پارسا، متقی، پرہیزگار، صوم وصلوٰۃ کی پابند خاتون تھیں۔ عزیز واقارب اور اہل محلہ میں ان کا حسن سلوک بہت معروف تھا۔ اپنی ساری اولاد کی تربیت بھی اسلامی خطوط پر کی اور ہمیشہ نیکی کی تلقین کرتی رہتی تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ دوسرے دن 7 نومبر 2014ء کو شیخ الحدیث حافظ عبدالستار الحماد ﷾ نے پڑھائی جس میں علماء کرام کی کثیر تعداد نے شرکت کی اور انہیں ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک کیا گیا۔

جامعہ سلفیہ کے تمام اساتذہ نے مرحومہ کے تمام پسماندگان خصوصاً حافظ محمد سرور عاصم سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحومہ کی بلندی درجات کی دعا کی۔

## 3۔ ڈاکٹر محمد سعید مغل میرپور خاص سندھ کی وفات

جماعتی حلقوں میں یہ خبر دکھ اور افسوس کے ساتھ سنی گئی کہ مرکزی جمعیت اہل حدیث اندرون سندھ اور جامعہ بحر العلوم السلفیہ میرپور خاص کی ہردلعزیز اور متحرک شخصیت ڈاکٹر محمد سعید مغل مختصر علالت کے بعد وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم بہت ہی زندہ دل، مسلکی و جماعتی تڑپ رکھنے والے اور علماء کے قدردان تھے۔ علماء کرام کی خدمت کر کے انہیں بہت خوشی ہوتی۔ جامعہ بحر العلوم السلفیہ کی تعمیر وترقی میں موصوف نے بڑی دلچسپی سے خدمات سرانجام دیں۔

مرحوم نے اپنے رفقاء خصوصاً شیخ العرب والعجم پیر سید بدیع الدین شاہ راشدی رحمہ اللہ، عالم



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## سفر آخرت کے راہی

اجل علامہ محمد یوسف الزبیدی رحمۃ اللہ علیہ اور شیخ الحدیث حافظ افتخار احمد زاھری حفظہ اللہ کے ساتھ مل کر اندرون سندھ کے دیہات اور گوٹھوں میں دعوت وتبلیغ کا فریضہ سرانجام دیتے ہوئے لوگوں کو عقیدہ توحید وسنت سے روشناس کروادیا حتیٰ کہ انہوں نے اپنے کلینک کو بھی مسلک اہل حدیث کی تبلیغ کا مرکز بنایا ہوا تھا۔ جامعہ سلفیہ فیصل آباد کے اساتذہ خصوصاً شیخ الحدیث حافظ عبدالعزیز علوی حفظہ اللہ، مولانا محمد یونس بٹ حفظہ اللہ، پروفیسر محمد یسین ظفر حفظہ اللہ اور مفتی عبدالحنان زاہد حفظہ اللہ نے مرحوم کی وفات کو جماعت اہل حدیث کیلئے ایک بہت بڑا سانحہ قرار دیا اور مرحوم کے لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کی بخشش کیلئے دعا کی۔

## حاجی محمد یوسف چونیاں والے کا سانحہ ارتحال

جماعت کے معروف بزرگ عالم دین، شیخ الحدیث والتفسیر حافظ مسعود عالم حفظہ اللہ کے سسر بقیۃ السلف حافظ محمد یوسف المعروف چونیاں والے قضائے الٰہی سے وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مرحوم سلف صالحین کی زندگیوں کا عملی نمونہ تھے، ہر وقت ذکر وفکر میں رطب اللسان رہتے تھے۔ امر بالمعروف اور نہی المنکر انہوں نے مقصد حیات بنالیا تھا جہاں کہیں بھی تشریف فرما ہوتے دعوت وتبلیغ کا فریضہ بحسن وخوبی سرانجام دیتے۔ صوم وصلوٰۃ کے پابند اور شب زندہ دار تھے مرحوم کو اللہ تعالیٰ نے بہت سی خوبیوں سے نوازا تھا، لیکن موت کا ایک وقت مقرر ہے جس میں ایک لمحہ کی بھی تعجیل وتاخیر نہیں ہوسکتی، آخر کار وہ وقت آپہنچا اور حضرت حافظ صاحب ہزاروں لوگوں کو سوگوار چھوڑ کر 8 دسمبر 2014ء کو اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ آپ کی نماز جنازہ دوسرے دن 9 دسمبر 2014ء کو جامع توحید اہل حدیث خیابان کالونی میں ادا کی گئی، جس میں جامعہ سلفیہ کے اساتذہ و طلبہ کے علاوہ ملک بھر سے کثیر تعداد میں علماء کرام اور ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے شرکت کی۔ بعد ازاں فیصل گارڈن کے قبرستان میں مرحوم کی تدفین عمل میں لائی گئی۔ جامعہ سلفیہ کے اساتذہ خصوصاً شیخ الحدیث حافظ عبدالعزیز علوی، مولانا محمد یونس بٹ، مفتی عبدالحنان زاہد اور چوہدری محمد یسین ظفر نے مرحوم کے لواحقین خصوصاً حافظ مسعود عالم حفظہ اللہ سے تعزیت کرتے ہوئے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ان کیلئے صبر جمیل اور مرحوم کے لئے بلندی درجات کی دعا کی۔

## مناظر اسلام مولانا شمشاد احمد سلفی ﷾ کو صدمہ

جماعتی حلقوں میں یہ خبر افسوس اور حیرت سے سنی گئی کہ جماعت کے معروف خطیب و مناظر مولانا شمشاد احمد سلفی ﷾ کے جواں سال لخت جگر رانا عظمت فاروق مختصر علالت کے بعد وفات پا گئے انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مرحوم بڑے جواں ہمت اور اپنے والد محترم کے دینی و تبلیغی معاملات میں بہت ہی ممدو معاون تھے۔ جواں بیٹے کی وفات مولانا سلفی صاحب کیلئے بڑھاپے میں بہت بڑا صدمہ ہے اللہ تعالیٰ انہیں برداشت کی توفیق فرمائے۔

جامعہ سلفیہ کے تمام اساتذہ، طلبہ اور انتظامیہ مولانا شمشاد احمد سلفی کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور ان کیلئے صبر وجمیل کی دعا کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے ان کے بیٹے کی بخشش کا سوال کرتے ہیں۔

## پروفیسر حافظ محمد سعید ﷾ سے اظہار تعزیت

جامعہ سلفیہ فیصل آباد کے اساتذہ وطلبہ کا ایک تعزیتی اجلاس شیخ الحدیث حافظ عبدالعزیز علوی ﷾ کی صدارت میں ہوا جس میں پروفیسر حافظ محمد سعید امیر جماعۃ الدعوۃ سے ان اہلیہ محترمہ حافظ عبدالرحمن مکی سے ان کی ہمشیرہ محترمہ اور حافظ طلحہ سعید سے ان کی والدہ محترمہ کی وفات پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے لواحقین کے لئے صبر وجمیل اور مرحومہ کیلئے مغفرت کی دعا کی گئی اللہ تعالیٰ مرحومہ کو کروٹ کروٹ جنت الفردوس نصیب فرمائے اور پسماندگان خصوصاً حافظ محمد سعید صاحب، حافظ عبدالرحمن مکی اور حافظ طلحہ سعید کو صبر جمیل کی توفیق دے۔ اجلاس میں خصوصی طور پر حافظ مسعود عالم، مولانا محمد یونس بٹ، مفتی عبدالحنان زاہد اور چوہدری محمد یٰسین ظفر نے شرکت کی۔

### ادارہ ترجمان الحدیث

مرحومین کے پسماندگان کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ اور لواحقین سے مسنون تعزیت کرتے ہوئے دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کی بشری لغزشوں سے درگزر فرماتے ہوئے انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام نصیب فرمائے۔ (آمین)

اللھم اغفرلھم وارحمھم وادخلھم جنۃ الفردوس۔



© rasailojaraid.com